علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاصر نثری ادب　کوڈ 9032　سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر: 100　کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1۔ ناول "خس و خاشاکِ زمانے" کا تعارف پیش کریں اور اس ناول کے سیاسی اور تہذیبی پس منظر پر ایک مفصل اور تنقیدی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال 2۔ مرزا اطہر بیگ کے ناول "غلام باغ" کو اردو ناول کی روایت میں ایک منفرد حیثیت کیوں حاصل ہے؟ نیز اس ناول کو "ارذل نسلوں کی تاریخ" قرار دینے کی وجوہات اور اس کے بنیادی موضوعات پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال 3۔ آصف فرخی کی ادبی زندگی اور خدمات کا تعارف کرائیں، نیز ان کے افسانے "سمندر کی چوری" کا تنقیدی و تجزیاتی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 4۔ انشائیہ کے فنی و اسلوبی اوصاف بیان کریں اور مشکور حسین یاد کی انشائیہ نگاری کے نمایاں پہلوؤں پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5۔ رضا علی عابدی کی آپ بیتی کو افسانوی طرزِ بیان کی عمدہ مثال کیوں سمجھا جاتا ہے؟ اسلوبی اور فکری حوالے سے تفصیلی بحث کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:6تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1۔خاکہ اور مضمون میں امتیازی فرق واضح کریں، نیز عرفان جاوید کی خاکہ نگاری کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال 2۔مندرجہ ذیل موضوعات پر تنقیدی نوٹس تحریر کریں۔ (10+10=20)

i۔ سلمیٰ اعوان کے سفر ناموں میں تجربات اور مشاہدات کی پیش کش کا تنقیدی جائزہ

ii۔عطاالحق قاسمی کے سفر ناموں میں تجربات اور مشاہدات کی فنی تشکیل

سوال 3۔ڈرامانگاری کی صنف کا تعارف پیش کریں، نیز فاطمہ ثریا بجیا کی ڈرامانگاری کے فکری اور فنی امتیازات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4۔مشفق خواجہ کی خطوط نگاری کی خصوصیات بیان کریں اور ان کے خطوط کے اسلوب اور فکری جہات کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 5۔اردو طنزومزاح کی روایت کے تناظر میں اشفاق ورک کی مزاح نگاری کی نمایاں خوبیوں پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)